LearningWell

# روشن اسلام

# ٦

## رہنمائے اُستاد

For Order : 0320-5899031

info@learningwell.pk   www.learningwell.pk

# اسلامیات ٦

## سبق ا: اللہ

**مقصد**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

ا۔ دین اسلام کے پہلے عقیدہ (توحید) کے بارے میں مکمل آگاہی حاصل کر سکیں گے۔

۲۔ طلباء اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کو اور اللہ تعالیٰ کے تمام کائنات کے خالق و مالک ہونے کو بہتر طور پر سمجھ اور سکھا سکیں گے۔

۳۔ طلباء اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں کے بارے میں جان کر اللہ تعالیٰ کی صفات کو بہتر طور پر پہچان سکیں گے۔

**طریقہ کار**

**تمہیدی سوالات: ١٠ منٹ**

ا۔ بچو! یہ چاند، سورج، آسمان، زمین، چرند، پرند سب کس نے بنائے ہیں؟ ۲۔ ہم سب کو کس نے پیدا کیا ہے؟

۳۔ اس کائنات کا مالک کون ہے؟

**اعلان سبق: ۵ منٹ**

بچو؛ آج ہم اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں بارے میں پڑھیں گے اور ان کے بارے میں کچھ تفصیل بھی جانے گے۔

**پیشکش: ۲۵ منٹ**

ا۔ معلم کتاب میں دیئے گئے سبق کو پڑھ کر سنائیں۔

۲۔ معلم طلباء کو دین اسلام کے سب سے پہلے عقیدہ (توحید) یعنی اللہ کی وحدانیت یا ایک ہونے کو مفصّل طور پر سمجھائیں گے۔

۳۔ معلم طلباء کو اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں سے روشناس کروائیں گے کہ صفاتی نام کتنے ہیں اور انہیں کیا کہا جاتا ہے۔

۴۔ سبق میں دیئے گئے ہر پیراگراف کی پڑھائی کے بعد اس کی وضاحت کریں گے۔

۵۔ مشکل الفاظ کے معنیٰ بھی بتائیں گے۔

**پڑھائی/اعادہ: ۵ منٹ**

معلم طلباء سے دوبارہ سبق پڑھوائیں گے۔ معلم طلباء سے ان کی زبانی سبق کا خلاصہ اور مفہوم بتانے کو کہیں گے۔

**سرگرمی: ۵ منٹ**

ا۔ معلم طلباء کو دو گروہ میں تقسیم کر کے ان کو اسماء الحسنیٰ اور اس کے معنیٰ لکھنے کا کہیں گے۔

**لکھائی: ۷ منٹ**

معلم طلباء کو پڑھائے جانے والے سبق کے مشکل الفاظ معنیٰ، سوال وجواب لکھوائیں گے۔

**تفویض کار: ۳ منٹ**

طلباء سوال نمبر ۲ اور ۳ گھر پر کرنے کے لیے دیں گے۔

**پیشگی معلومات وہدایات**

ا۔ معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھے

LearningWell (Pvt.) Ltd. www.learningwell.pk

۲۔ معلم سبق کو خلاصہ کو بہت سادہ الفاظ میں مختصراً سمجھائے

۳۔معلم کو چاہیے کہ مشکل الفاظ کے معنیٰ اور لفظوں کی ادائیگی درست الفاظ میں کرے اور طلباء سے کروائے۔

۴۔معلم کو چاہیے کہ تمام سوال اور جواب مختصراً اور مکمل انداز میں کروائے۔(مفہوم واضح ہو)

**تدریسی معاونت**

۱۔ وائٹ بورڈ، ڈسٹر، مارکر

۲۔چارٹ شیٹ جن پر اللہ کے نام لکھے ہوئے ہوں

۳۔مختلف یا چند اسماء الحسنیٰ لکھی ہوئی کتب۔

**تجزیہ/جانچ**

معلم طلباء کو درج ذیل وقتوں میں جانچ سکتے ہیں:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران کہ بچے کی سابقہ معلومات کتنی ہے۔

۲۔ اعادہ کے دوران بچے کی لفظوں کی درست ادائیگی اور اس کے یا اس کے سبق کے خلاصہ یا مفہوم سے مکمل طور پر آگاہی ہے۔

۳۔ لکھائی کے دوران معلم بہتر طور پر جانچ سکتے ہیں کہ طلباء اپنا کام بہتر طور پر کر رہے ہیں یا نہیں۔

## سبق۲: آیات قرآنی (سورہ التین، سورہ القدر)

**مقصد**

پڑھائے جانے والی سورتوں کے مکمل ہو جانے کے بعد بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

۱۔ سورہ والتین اور سورہ القدر درست مخارج کے ساتھ پڑھ سکیں اور تلفظ کی صحیح ادائیگی کر سکیں۔اور بہتر تجوید کے ساتھ قرآن کی تلاوت کر سکیں۔

۲۔ دونوں سورتوں کی تفہیم (ترجمہ، تفسیر اور تشریح) کے بعد طلباء اللہ تعالیٰ کے ان سورتوں میں دیئے جانے والے احکامات سے آگاہی حاصل کر لیں گے۔

۳۔سورہ والتین اور سورہ القدر کے ترجمے، مشکل الفاظ کے معنیٰ اور زمانہءِ نزول سے بھی واقفیت حاصل کر لیں گے۔

۴۔ ان سورتوں کو بغیر دیکھے زبانی پڑھ سکیں۔

**تمہیدی سوالات:** ۱۰ منٹ

۱۔ قرآن مجید کب اور کس پر نازل ہوا؟ ۲۔ قرآن میں کتنی قسم کی سورتیں ہیں؟ ۳۔ قرآن کس مہینے میں نازل ہوا؟

**اعلان سبق:** ۱۰ منٹ

بچو؛ آج ہم مکّی سورتیں پڑھیں گے جن میں سے ایک کا نام پھل کے نام پر ہے اور دوسری سورۃ کا نام قدر والی رات پر ہے۔

**پیشکش:** ۲۵ منٹ

۱۔معلم سب سے پہلے دونوں سورتوں کے ناموں کا تعارف کروائیں گے۔

۲۔معلم دونوں سورتوں کو باری باری درست تجوید اور درست مخارج کے ساتھ تلاوت کرے گا۔

۳۔معلم قرآت کے مکمل ہونے کے بعد طلباء کو مکی اور مدنی سورتوں کے بارے میں بتائے۔

۴۔اس کے بعد سورتوں کا ترجمہ اور تفسیر بتائے۔

۵۔معلم طلباء کوسورتوں کی مشق کروائے۔طلباء کی درست مخارج اور تجوید کی ادائیگی میں مدد کریں گے۔

**پڑھائی/اعادہ: ۲۵منٹ**

معلم طلباء کو اچھی طرح سے سورتیں یاد کروانے کے لئے ایک بار پھر سے تلاوت کریں گے اور تمام طلباء سے بار بار بلند خوانی کروائیں گے تاکہ طلباء کو دونوں سورتیں یاد ہو جائیں۔(تجوید کا خیال رکھنا ہوگا۔)

**سرگرمی: ۵منٹ**

ا۔معلم طلباء کو CD پلیئر یا L.E.D کی مدد سے دونوں سورتوں کی تلاوت سنوائیں گے۔

**لکھائی: ۵منٹ**

معلم طلباء کو دونوں سورتوں کے مشکل الفاظ کے معنیٰ،ترجمہ،تشریح اور سوال وجوابات لکھوائیں۔

**تفویض کار: ۵منٹ**

تمام طلباء کو دونوں سورتوں کو اچھی طرح سے یاد کرنے کے لیے کہا جائے گا۔(والدین کی نگرانی میں)۔سوال نمبر۲ گھر سے کر کے لانے کے لیے دیا جائے گا۔

**پیشگی معلومات اور ہدایات**

ا۔معلم کو چاہیے کہ وہ پہلے تلاوت قرآن پاک کرواتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ کتاب کی عزت وحرمت اور آداب کا خیال رکھے۔

۲۔قرآن مجید کو درست تلفظ کے ساتھ پڑھے جانے کے لیے ضروری ہے کہ معلم پڑھائے جانے والی سورتوں کو پہلے خود اچھی طرح پڑھ لے۔

۳۔قرآن مجید سے طلباء کو رغبت دلانے کے لیے قرآن کے فضائل اور ثواب کے بارے میں طلباء کو بتاتے رہنا چاہیے تاکہ طلباء میں قرآن کو سیکھنے کا ذوق وشوق بڑھے۔

۴۔معلم طلباء کو سورتوں کا موضوع اور مضمون کو وضاحت سے سمجھائیں اور تمام مشکل اور تشریح طلب الفاظوں کی بہتر طور پر وضاحت کریں۔

**تدریسی معاونت**

ا۔ وائٹ بورڈ،مارکر،ڈسٹر

۲۔ معزز قاری کی آواز میں ریکارڈ کیسٹ جس میں دونوں سورتیں ہوں۔ یا

LED جس پر بچے آیتوں کو دیکھ کر اور سن کر بہتر طور پر زیر،زبر اور پیش سے واقف ہوسکیں۔

**تجزیہ/جانچ**

معلم کو طلباء کو درج ذیل وقتوں میں جانچنا چاہیے۔

ا۔ تمہیدی سوالات کے دوران کہ بچے کی سابقہ معلومات کتنی ہے۔

۲۔ سورۃ کی قرآت کے دوران (تجوید اور مخارج کی ادائیگی سے)

۳۔اعادہ کے دوران (بیان کر شان نزول،ترجمہ اور تفسیر پڑھتے ہوئے کتنی دلچسپی لی)

۴۔سرگرمی کے دوران (سنائی جانے والی قرآت پر طلباء نے کتنی توجہ کے ساتھ قرآت کو سنا اور دہرایا)

۵۔لکھائی کے دوران (تمام سرگرمیوں کے بعد طلباء کے ذہن میں موجود تمام سوالوں کے جوابات تحریر کرواتے ہوئے) معلم بہتر طور پر جانچ سکتا ہے۔

## سبق۳: حیات طیّبہ

**مقصد**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

# اسلامیات ۶

۱۔اسلام سے قبل عرب کے حالات ،حضورا کرمؐ کی ولادت پر ہونے والے معجزات اور آپؐ کے بچپن اور جوانی میں ہونے والے واقعات کے بارے میں جان سکیں گے۔

۲۔ طلباء کوحضوراکرمؐ پرنزول وحی سے بھی آگاہی ہوجائے گی۔

۳۔ حیات طیبہ کے بارے میں جان کر دوسروں کو بتانے کے قابل ہو جائیں گے۔

**طریقہ کار**

**تمہیدی سوالات: ۱۰منٹ**

۱۔بچو! اللہ تعالیٰ کے آخری نبی کون ہیں؟ ۲۔ ہمارے پیارے نبیؐ کا نام کیا تھا؟

۳۔ ہمارے پیارے نبیؐ کس شہر میں پیدا ہوئے؟ ۴۔ہمارے نبیؐ کے شہر کا نام کیا تھا؟

**اعلان سبق: ۵منٹ**

بچو! آج ہم پیارے نبی محمدﷺ کی حیات طیبہ کے بارے میں پڑھیں گے جس میں مکی زندگی کے بارے میں تفصیلات بتائی گئی ہیں۔

**پیشکش: ۲۵منٹ**

۱۔ معلم پہلے طلباء کوخود سبق پڑھ کرسنائیں گے اور مشکل الفاظ کے معنیٰ بتائیں گے۔

۲۔ معلم سبق کے ہر پیراگراف کو پڑھنے کے بعد اس کی تشریح کہانی کے انداز میں کرے تا کہ بچے سمجھنے میں دلچسپی لیں۔

۳۔ معلم بچوں کو اسلام کی آمد سے قبل عرب کے حالات وواقعات،آنحضرتﷺ کی ولادت کے معجزات اور نزول وحی کو مفصل انداز میں بتائیں گے۔

**اعادہ / پڑھائی: ۲۵منٹ**

مختلف طلباء سے سبق پڑھوا کر اس کی بتائی گئی تشریح کے بارے میں سوال جواب کریں گے۔

**سرگرمی: ۱۰منٹ**

سوال نمبر۳ کو ورک شیٹ کے طور پر حل کروایا جائے گا۔

طلباء کوگروپ میں تقسیم کر کے ہر گروپ کوسبق کے ایک ایک پیراگراف کی وضاحت تقریری انداز میں پیش کرنے کو کہا جائے۔

**لکھائی: ۵منٹ**

معلم بچوں کوسبق کے مشکل الفاظ معنی اور سوال نمبر۱ کے جوابات لکھوائیں۔

**تفویض کار: ۵منٹ**

سوال نمبر۲،۴ گھر سے کر کے لانے کو کہا جائے۔

**پیشگی معلومات اور ہدایات**

پیش کئے جانے والے سبق سے پہلے معلم پر لازم ہے کہ:

۱۔ معلم کو پہلے سے حیات طیبہ کے بارے میں مفصل معلومات ہونی چاہیے۔

۲۔ معلم کو چاہیے کہ وہ سبق کا احاطہ کرتے ہوئے سبق کا خلاصہ سلیس زبان میں طلباء کو بتائے۔

۳۔ معلم طلباء کے لیے مشکل الفاظ اوران کے معنیٰ درست ادائیگی کے ساتھ پڑھائیں۔

۴۔حیات طیبہؐ کو بیان کرتے ہوئے تعلیم اور ادب کوملحوظ خاطر رکھیں۔معلم کا انداز اتنا مؤدبانہ ہونا چاہیے کہ طلباء بھی آپؐ کی تعظیم اور حرمت کو جان سکیں اور اس پر عمل پیرا ہوسکیں۔

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

# اسلامیات ۶

**تدریسی معاونت**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

## تجزیہ/ جانچ

معلم کو طلباء کو ان اوقات میں جانچنا چاہیے:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران (طلباء کی سابقہ معلومات دیکھتے ہوئے۔

۲۔ اعادہ کے دوران (طلباء کے سبق کو دہرانے کے دوران)

(لفظوں کی ادائیگی اور ہر پیراگراف کی تشریح کہانی کے انداز میں کرنے کے دوران۔)

۳۔ حضورا کرم ﷺ کے بارے میں مختصر زبانی سوالات کے دوران۔

۴۔ مشکل الفاظ اور سوال وجواب کی لکھائی کے دوران معلم کو بچے کی دلچسپی اور ذہانت دونوں کے بارے بہتر طور پر معلوم ہوسکتا ہے۔

۵۔ سرگرمی کے دوران (طلباء نے سرگرمی میں کتنی دلچسپی لی اور کتنے صحیح جوابات تحریر کیئے۔)

## سبق ۴: صحابہ کرام

**مقصد**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہوجانے کے بعد بچے اس قابل ہوجائیں گے کہ:

۱۔ صحابۂ کرام کے حالات زندگی کے بارے میں جان سکیں اور اشاعت اسلام میں ان کی دی گئی قربانیوں کے بارے میں جان سکیں گے۔

۲۔ صحابۂ کرام کی دینی خدمات کے بارے میں جان سکیں گے۔ اور ان کی زندگی سے سبق حاصل کر کے خود بھی اس پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کریں گے۔ (انشاءاللہ)

**طریقۂ کار**

**تمہیدی سوالات** ۱۰منٹ

بچو وہ لوگ جو حضورا کرمؐ کے دور میں ان کے ساتھ تھے ان کو کیا کہا جاتا ہے؟

۱۔ صحابۂ کرام کیسی زندگی گزارتے تھے؟ ۲۔ حضرت بلالؓ کیسے صحابی تھے؟

۳۔ کیا آپ حضرت زید بن حارثؓ کے بارے میں کچھ جانتے ہیں؟

**اعلانِ سبق:** ۵منٹ

بچو! آج ہم حضورا کرمؐ کے دوست اور ساتھیوں میں سے حضرت بلالؓ اور حضرت زید بن حارثؓ کے حالات زندگی کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔

**پیشکش:** ۲۵منٹ

۱۔ معلم ہر عنوان کو کہانی کے انداز میں طلباء کے سامنے بیان کرے تاکہ وہ اس میں دلچسپی لیں اور غور سے سنیں۔

۲۔ معلم صحابۂ کرام کی زندگیوں کے تمام حالات وواقعات اور اشاعت اسلام میں ان دونوں اصحاب کرامؓ کی دی جانے والی قربانیوں کے بارے میں تفصیلاً بیان کریں گے۔

۳۔ معلم سبق کو سمجھانے کے دوران مشکل الفاظ کے معنی بھی ساتھ ساتھ بتاتے جائیں۔

**اعادہ:** ۲۵منٹ

معلم طلباء سے بتائے گئے واقعات اور اس سے انہوں نے جو سبق حاصل کیا، اس کے بارے میں پوچھیں۔

**سرگرمی:** ۷منٹ

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

معلم طلباء کو گرہوں میں تقسیم کر کے سطق کے اہم نکات قصہ کی طرض سے ایک دوسرے کو سمجھانے کو کہا جائے۔

**لکھائی:** **۵منٹ**

معلم سبق کے مشکل الفاظ معنیٰ، سوال و جواب تحریر کروائیں

**تفویض کار:** **۵منٹ**

ہر عنواں کا سوال نمبر۲ گھر پر کرنے کے لیے دیں اور ہر عنوان کے اہم نکات تحریر کر کے لانے کو دیں۔

**پیشگی معلومات اور ہدایات**

۱۔معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں۔

۲۔معلم کو عنوان پر مکمل گرفت ہوتا کہ وہ بچوں کے ہر طرح کے جوابات دے سکے۔

۳۔معلم کا سمجھانے کا طریقہ دلچسپ ہوتا کہ بچے اس کی طرف متوجہ ہوں اور پڑھائی میں دلچسپی لیں۔

**تدریسی معاونت**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔چارٹ جس پر اہم نکات درج ہوں۔

۳۔ ورک شیٹ

**تجزیہ/ جانچ**

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتا ہے:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)

۲۔ اعادہ کے دوران (طلباء سے سبق کے بارے میں کئے گئے مختلف سوالات کے جوابات کو دیکھتے ہوئے۔ کہ وہ باآسانی جواب دے رہے ہیں یا نہیں اور سبق کو کس حد تک سمجھ سکیں ہیں)

۳۔لکھائی کے دوران (معلم باآسانی معلوم کر سکتا ہے کہ بچے کو مشکل پیش آ رہی ہے یا وہ آسانی سے اپنا کام کر رہا ہے۔)

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

## سبق:۵: امہات المومنین

**مقصد**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

۱۔ طلباء کو امہات المومنین کا مطلب معلوم ہو جائے گا۔

۲۔ جان سکیں گے کہ ہمارے پیارے نبیؐ کی ازدواج کون تھیں اور ان سے شادی کی وجوہات کیا تھیں۔

۳۔امہات المومنین کے نا جان سکیں گے۔

۴۔ ترویج اسلام میں امہات المومنین کے کردار کے بارے یں جان سکیں گے۔

**طریقۂ کار**

**تمہیدی سوالات** **۱۰منٹ**

بچو! حضرت آدمؑ کون تھے؟

۲۔حضرت بی بی حوا کون تھیں؟

۳۔حضرت آدمؑ اور بی بی حوا کو تمام انسانوں کے ماں باپ کیوں کہا جاتا ہے؟ ۳۔ ہمارے نبیؐ تمام مومنوں کے کون ہیں؟

۴۔آپؐ کی ازدواج مطہرات کو کیا کہا جاتا ہے؟

**اعلانِ سبق:** **۵منٹ**

بچو! آج ہم حضور اکرمؐ کی ازدواج مطہرات کے بارے میں پڑھیں گے۔

**پیشکش:** **۲۵منٹ**

۱۔ معلم طلباء کو سبق پڑھ کے سنائیں گے۔

۲۔ معلم طلبا ئکو امہات المومنین کے معنیٰ ومفہوم بتائیں گے۔

۳۔ پورے سبق کے ہر پیراگراف اور ہر زوجہ رسولؐ کے بارے میں تفصیل سے وضاحت کریں گے۔

۴۔ ہر زوجہ رسولؐ کی اشاعت اور تبلیغ دین میں کردار کی وضاحت کریں گے۔

۳۔معلم سبق کو سمجھانے کے دوران مشکل الفاظ کے معنیٰ بھی ساتھ ساتھ بتاتے جائیں۔

**اعادہ:** **۲۵منٹ**

معلم طلباء سے باری باری ہر زوجہ رسولؐ بارے میں پیراگراف پڑھوائیں گے اور اس سے متعلق وضاحتی سوالات بھی کریں گے۔

**سرگرمی:** **۱۰منٹ**

سوال نمبر۲ کی ورک شیٹ کروائی جائے گی۔

**لکھائی:** **۱۰منٹ**

معلم سبق کے مشکل الفاظ معنیٰ ،اور سوال نمبر۱ کے جوابات تحریر کروائیں گے۔

**تفویض کار:** **۵منٹ**

طلباء کو ازدواج مطہرات پر مضمون لکھ کر لانے کو کہیں گے۔

**پیشگی معلومات اور ہدایات**

۱۔معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں۔اور اہم نکات کو اچھی طرح ذہن نشین کرلیں۔

۲۔معلم کو عنوان پر مکمل گرفت ہو تا کہ وہ بچوں کے ہر طرح کے جوابات دے سکے۔

۳۔معلم کا سمجھانے کا طریقہ دلچسپ ہو تا کہ بچے اس کی طرف متوجہ ہوں اور پڑھائی میں دلچسپی لیں۔

**تدریسی معاونت**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔ نصابی کتاب

۳۔ ورک شیٹ سرگرمی کے لیے۔

**تجزیہ/ جانچ**

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتا ہے:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)

۲۔ اعادہ کے دوران (طلباء سے سبق کے بارے میں کئے گئے مختلف سوالات کے جوابات کو دیکھتے ہوئے۔ کہ وہ باآسانی جواب دے رہے ہیں یا نہیں اور سبق کو کس حد تک

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

سمجھ سکیں ہیں)

۳۔لکھائی کے دوران (معلم با آسانی معلوم کر سکتا ہے کہ بچے کو مشکل پیش آ رہی ہے یا وہ آسانی سے اپنا کام کر رہا ہے۔)

۴۔ سرگرمی میں عنوان کے بارے میں دی گئی تفصیلات کو دیکھتے ہوئے۔

## سبق ۶: اخلاق حمیدہ (صبر، عفو و درگزر)

**مقصد**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

۱۔ اخلاق حمیدہ کے معنیٰ و مفہوم کے بارے میں آگاہی حاصل کر سکیں۔

۲۔ قرآن اور حدیث کی روشنی میں صبر اور عفو و درگزر کی اہمیت کے بارے میں جان سکیں گیا ور دوسروں کو بھی اس بارے میں بتا سکیں گے۔

۳۔ اپنی روزمرّہ کی زندگی میں اخلاق حمیدہ پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کریں گے۔(انشاءاللہ)

**طریقۂ کار**

**تمہیدی سوالات** ۸منٹ

۱۔بچو! اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے پسندیدہ کیا چیز ہے؟

۲۔اچھے اخلاق سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

۳۔صبر کس کو کہتے ہیں؟

۴۔اگر کوئی آپ کے ساتھ بری طرح پیش آئے تو آپ کیا کریں گے؟

**اعلانِ سبق:** ۵منٹ

بچو! آج ہم پڑھیں گے کہ اخلاق حمیدہ کسے کہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے صبر اور عفو و درگزر کے بارے میں کیا احکامات دیے ہیں اور ان کی دینِ اسلام میں کیا اہمیت ہے؟

**پیشکش:** ۲۵منٹ

۱۔ معلم طلباء کو سبق پڑھ کے سنائیں گے اور صبر اور عفو و درگزر کے معنیٰ و مفہوم کی اچھی طرح وضاحت کریں گے

۲۔ معلم طلباء کو قرآن و حدیث کی روشنی صبر اور عفو و درگزر کی اہمیت بتائیں گے اور اور آسان الفاظ میں ہر پیراگراف کی تشریح کریں گے۔

۳۔ معلم سبق کو سمجھانے کے دوران مشکل الفاظ کے معنیٰ بھی ساتھ ساتھ بتاتے جائیں۔

**اعادہ:** ۲۵منٹ

معلم طلباء سے سبق پڑھوا کر سنیں گے اور جو پیراگراف جو وہ پڑھیں گے اس کی تفصیل یا تشریح بھی طلباء اپنے انداز میں بتائیں گے۔اور جہاں طلباء کو مشکل پیش آئے یا وہ اٹک جائیں یا غلط بتائیں وہاں معلم ان کی مدد کرے گا اور ان کو درست کرے گا اور دوبارہ سمجھائے گا۔

**سرگرمی:** ۱۰منٹ

طلباء کو پانچ اخلاق حمیدہ لکھ کر ان کی وضاحت کرنے کو کہیں گے۔

**لکھائی:** ۱۵منٹ

معلم سبق کے مشکل الفاظ معنیٰ، سوال و جواب تحریر کروائیں۔

**تفویض کار:** ۵منٹ

سوال نمبر ۲ گھر سے کر کے لانے کو کہیں گے۔

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

LearningWell

# اسلامیات ٦

**پیشگی معلومات اور ہدایات**

۱۔معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں۔

۲۔معلم کو عنوان پر مکمل گرفت ہوتا کہ وہ بچوں کے ہر طرح کے جوابات دے سکے۔

۳۔معلم کا سمجھانے کا طریقہ دلچسپ ہوتا کہ بچے اس کی طرف متوجہ ہوں اور پڑھائی میں دلچسپی لیں۔

**تدریسی معاونت**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔ نصابی کتاب

۳۔ چارٹ (جس پر عنوان سے متعلق ضروری نکات تحریر ہوں)

**تجزیہ/ جانچ**

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتا ہے:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)

۲۔ اعادہ کے دوران (طلباء سے سبق کے بارے میں کئے گئے مختلف سوالات کے جوابات کو دیکھتے ہوئے۔ کہ وہ با آسانی جواب دے رہے ہیں یا نہیں اور سبق کو کس حد تک سمجھ سکیں ہیں)

۳۔لکھائی کے دوران (معلم با آسانی معلوم کر سکتا ہے کہ بچے کو مشکل پیش آ رہی ہے یا وہ آسانی سے اپنا کام کر رہا ہے۔)

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

## سبق ۷: اخلاق رزیلہ (غرور و تکبر، غیبت)

**مقصد**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

۱۔ طلباء اخلاق رزیلہ کے معنیٰ و مفہوم جان سکیں گے۔

۲۔ طلباء غرور و تکبر کے نقصانات کو سمجھ سکیں گے۔

۳۔ غیبت کے معنیٰ و مفہوم سے آگاہ ہو سکیں گے۔

۳۔طلباء اپنی زندگی میں ان بری عادات سے بچنے کی کوشش کریں گے۔

**طریقۂ کار**

**تمہیدی سوالات** ۸منٹ

۱۔بچو! اگر کسی کی عادتیں بری ہو یا اخلاق اچھا نہ ہو تو ایسے لوگوں کو کوئی پسند کرتا ہے؟

۲۔کسی کی بری عادتوں کی وجہ سے اس کو گناہ ہوگا یا ثواب؟

۳۔بری عادتوں کو کیا کہا جاتا ہے؟

۴۔کیا کیا باتیں برے اخلاق میں شمار ہوتی ہیں؟

**اعلانِ سبق:** ۵منٹ

بچو! آج ہم کچھ بری عادتوں کے بارے میں پڑھیں گے جو ہمارے معاشرے میں بہت عام ہیں اور ہم کو بہت نقصان پہنچاتی ہیں۔

**پیشکش:** ۲۵منٹ

۱۔ معلم طلباء کو سبق پڑھ کے سنائیں گے اور اخلاق رذیلہ کے معنیٰ و مفہوم سے آگاہ کریں گے۔

۲۔ نہ صرف کتاب کی مدد سے بلکہ روزمرہ زندگی میں پیش آنے والی مثالوں کے ذریعے بھی ان دو بری عادتوں کو واضح کریں۔

۳۔ ان دونوں بری عادات کے بارے میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کے بیان کردہ احکامات کی بھی وضاحت کریں۔

۴۔اسی طرح غرور اور غیبت کے نقصانات کی بھی تفصیل سے وضاحت کریں تا کہ بچہ اس بات کو ذہن نشین کر سکے کہ ان کو ان بری عادتوں سے بچ کر رہنا ہے۔

۵۔ معلم سبق کو سمجھانے کے دوران مشکل الفاظ کے معنیٰ بھی ساتھ ساتھ بتاتے جائیں۔

**اعادہ:** **۲۵منٹ**

معلم طلباء سے سبق پڑھوا کر سنیں گے اور جو پیراگراف جو وہ پڑھیں گے اس کی تفصیل یا تشریح بھی طلباء اپنے انداز میں بتائیں گے۔اور جہاں طلباء کو مشکل پیش آئے یا وہ اٹک جائیں یا غلط بتائیں وہاں معلم ان کی مدد کرے گا اور ان کو درست کرے گا اور دوبارہ سمجھائے گا۔

**سرگرمی:** **۱۰منٹ**

سوال نمبر۳ ورک شیٹ کی صورت میں کروائیں۔

**لکھائی:** **۱۵منٹ**

معلم سبق کے مشکل الفاظ کے معنی اور سوالات کے جوابات تحریر کروائیں۔

**تفویض کار:** **۵منٹ**

سوال نمبر۲ بچوں کو گھر سے کر کے لانے کے لیے دیں۔

**پیشگی معلومات اور ہدایات**

۱۔معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں۔

۲۔معلم کو عنوان پر مکمل گرفت ہو تا کہ وہ بچوں کے ہر طرح کے جوابات دے سکے۔

۳۔معلم کا سمجھانے کا طریقہ دلچسپ ہو تا کہ بچے اس کی طرف متوجہ ہوں اور پڑھائی میں دلچسپی لیں۔

**تدریسی معاونت**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔ نصابی کتاب

۳۔ چارٹ (جس پر عنوان سے متعلق ضروری نکات تحریر ہوں)

**تجزیہ/جانچ**

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتا ہے:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)

۲۔ اعادہ کے دوران (طلباء سے سبق کے بارے میں کئے گئے مختلف سوالات کے جوابات کو دیکھتے ہوئے۔ کہ وہ با آسانی جواب دے رہے ہیں یا نہیں اور سبق کو کس حد تک سمجھ سکیں ہیں)

۳۔لکھائی کے دوران (معلم با آسانی معلوم کر سکتا ہے کہ بچے کو مشکل پیش آ رہی ہے یا وہ آسانی سے اپنا کام کر رہا ہے۔)

## سبق ۸: تدوین قرآن پاک

**مقصد**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے سمجھ سکیں گے کہ:

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

# اسلامیات ۶

۱۔قرآن پاک کیسے نازل ہوا؟
۲۔ تدوین قرآن کی ضرورت کیوں پیش آئی اور اس کے کیا معنی ہیں؟
۳۔تدوین قرآن کس طرح سے کی گئی؟
۴۔پہلی نازل ہونے والی سورۃ کون سی تھی اور اس کی تدوین کس طرح ہوئی؟
۵۔قرآن کی تدوین کس کس کی نگرانی میں اور کتنے عرصے میں مکمل ہوئی؟

**طریقۂ کار**

**تمہیدی سوالات** **۸منٹ**

بچو!اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری نبیؐ پر کون سی کتاب نازل کی؟
۲۔قرآن کس طرح نبیؐ نازل ہوا؟
۳۔قرآن مجید لکھنے والوں کو ہم کیا کہتے ہیں؟
۴۔کیا آپ کو تدوین کے معنیٰ معلوم ہیں؟

**اعلانِ سبق:** **۵منٹ**

بچو! آج ہم پڑھیں گے کہ قرآن کی تدوین کس طرح، کس دور میں اور کس کی نگرانی میں ہوئی۔

**پیشکش:** **۲۵منٹ**

۱۔ معلم طلباء کو سبق پڑھ کے سنائیں گے اور تدوین کے معنیٰ ومفہوم آسان الفاظ میں بہت اچھی طریقے سے سمجھائیں تا کہ وہ اس کو ذہن نشین کر سکیں۔

۲۔ معلم طلباء کو سبق میں دیے گئے ہر پیرگراف اور نکات کی آسان الفاظ میں وضاحت کریں تا کہ اس کے معنیٰ ومفہوم بچوں کو آسانی سے سمجھ میں آجائیں اور وہ اس کو تفصیل کو دلچسپی سے پڑھ سکیں۔

۳۔ معلم سمجھائیں گے کہ قرآن کس طرح اور کتنے عرصے میں نازل ہوا اور اس کی پہلی آیت کون سی نازل ہوئی۔

۴۔ معلم سبق کو سمجھانے کے دوران مشکل الفاظ کے معنیٰ بھی ساتھ ساتھ بتاتے جائیں۔

**اعادہ:** **۲۵منٹ**

معلم طلباء سے سبق پڑھوا کر سنیں گے اور جو پیراگراف جو وہ پڑھیں گے اس کی تفصیل یا تشریح بھی طلباء اپنے انداز میں بتائیں گے۔اور جہاں طلباء کو مشکل پیش آئے یا وہ اٹک جائیں یا غلط بتائیں وہاں معلم ان کی مدد کرے گا اور ان کو درست کرے گا اور دوبارہ سمجھائے گا۔

**لکھائی:** **۱۵منٹ**

معلم سبق کے مشکل الفاظ معنیٰ،سوال وجواب لکھوائیں۔

**سرگرمی:** **۱۰منٹ**

معلم طلباء کو قرآن کے چند مطبوعہ نمونہ جات دکھائیں۔

**تفویض کار:** **۵منٹ**

طلباء کو سوال نمبر۲ گھر سے کر کے لانے کو دیں۔

**پیشگی معلومات اور ہدایات**

۱۔معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں۔

۲۔معلم کو عنوان پر مکمل گرفت ہو تا کہ وہ بچوں کے ہر طرح کے جوابات دے سکے۔

۳۔معلم کا سمجھانے کا طریقہ دلچسپ ہو تا کہ بچے اس کی طرف متوجہ ہوں اور پڑھائی میں دلچسپی لیں۔

**تدریسی معاونت**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

# اسلامیات ۶

۲۔ نصابی کتاب

۳۔ چارٹ (جس پر عنوان سے متعلق ضروری نکات تحریر ہوں)

### تجزیہ/ جانچ

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتا ہے:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)

۲۔ اعادہ کے دوران (طلباء سے سبق کے بارے میں کئے گئے مختلف سوالات کے جوابات کو دیکھتے ہوئے۔ کہ وہ با آسانی جواب دے رہے ہیں یا نہیں اور سبق کو کس حد تک سمجھ سکیں ہیں)

۳۔ لکھائی کے دوران (معلم با آسانی معلوم کر سکتا ہے کہ بچے کو مشکل پیش آرہی ہے یا وہ آسانی سے اپنا کام کر رہا ہے۔)

۴۔ سرگرمی کے دوران (اس بات کا اندازہ کر کہ طلباء سرگرمی میں پوری طرح حصہ لے رہے ہیں یا نہیں۔)

## سبق ۹: تدوین حدیث

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

### مقصد

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

۱۔ جان سکیں کہ حدیث کس کو کہتے ہیں اور اس کی کتنی اقسام ہیں۔ ۲۔ طلباء کو حدیث اہمیت قرآن کی روشنی میں جان سکیں گے۔

۳۔ طلباء تدوین حدیث اور اس کی کتابت کے تمام مراحل کا علم ہو سکے گا۔

۴۔ طلباء کو مستند احادیث کے مجموعوں کے نام اور ان کے لکھنے والوں کے ناموں سے آگاہی حاصل ہو سکے گی۔

### طریقۂ کار

**تمہیدی سوالات:** ۸ منٹ

۱۔ بچو! حدیث کسے کہتے ہیں؟ ۲۔ ہمارے پیارے نبیؐ کے کیے ہوئے ہر عمل کو اور ان کی کہی ہوئی باتوں کو ہم کیا کہتے ہیں؟

حضور اکرمؐ کے اعمال اور کہی ہوئی باتوں پر عمل کر کے ہم اپنی زندگیوں میں کیا تبدیلیاں لا سکتے ہیں؟

**اعلانِ سبق:** ۵ منٹ

بچو! آج کے سبق سے ہم کو پتہ چلے گا کہ حدیث کیا ہوتی ہیں، اس کی کتنی قسمیں ہیں اور اس کی تدوین کے کیا مراحل ہیں۔

**پیشکش:** ۲۵ منٹ

۱۔ معلم طلباء کو سبق پڑھ کے سنائیں گے اور تدوین حدیث کے معنیٰ و مفہوم آسان الفاظ میں بہت اچھی طریقے سے سمجھائیں تا کہ وہ اس کو ذہن نشین کر سکیں۔

۲۔ معلم طلباء کو سبق میں دیے گئے ہر پیرگراف اور نکات کی آسان الفاظ میں وضاحت کریں تا کہ اس کے معنیٰ و مفہوم بچوں کو آسانی سے سمجھ میں آجائیں اور وہ اس کو تفصیل کو دلچسپی سے پڑھ سکیں۔

۳۔ معلم طلباء کو حدیث کی تدوین کے مراحل اور حضور اکرمؐ کی نگرانی میں اس کے مکمل ہونے کی اہمیت بتائیں گے۔ اور آپؐ کی وفات کے بعد اس کے جمع کرنے کی اہمیت اور احتیاطیں بھی بتائیں گے۔

۴۔ معلم حدیث کی اقسام، اہمیت، ضرورت، تدوین کے طریقوں اور شرعی حیثیت کے بارے میں بتائیں گے۔

۵۔ معلم سبق کو سمجھانے کے دوران مشکل الفاظ کے معنیٰ بھی ساتھ ساتھ بتاتے جائیں۔

# اسلامیات ٦

**اعادہ:** **۲۵منٹ**

معلم طلباء سے سبق پڑھوا کر سنیں گے اور جو پیراگراف جو وہ پڑھیں گے اس کی تفصیل یا تشریح بھی طلباء اپنے انداز میں بتائیں گے۔ اور جہاں طلباء کو مشکل پیش آئے یا وہ اٹک جائیں یا غلط بتائیں وہاں معلم ان کی مدد کرے گا اور ان کو درست کرے گا اور دوبارہ سمجھائے گا۔ معلم طلباء سے وضاحتی سوالات بھی پوچھیں گے۔

**سرگرمی:** **۱۰منٹ**

معلم طلباء کے درمیان احادیث کو یاد کر کے سنانے کا مقابلہ کروائیں۔

سوال نمبر۳ کی ورک شیٹ کروائیں۔

**لکھائی:** **۱۵منٹ**

معلم سبق کے مشکل الفاظ معنیٰ، سوال و جواب لکھوائیں۔

**تفویض کار:** **۵منٹ**

طلباء کو سوال نمبر۲ گھر سے کر کے لانے کو کہیں۔

**پیشگی معلومات اور ہدایات**

۱۔ معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں۔

۲۔ معلم کو عنوان پر مکمل گرفت ہو تا کہ وہ بچوں کے ہر طرح کے جوابات دے سکے۔

۳۔ معلم کا سمجھانے کا طریقہ دلچسپ ہو تا کہ بچے اس کی طرف متوجہ ہوں اور پڑھائی میں دلچسپی لیں۔

**تدریسی معاونت**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔ نصابی کتاب

۳۔ چارٹ (جس پر عنوان سے متعلق ضروری نکات تحریر ہوں)

## تجزیہ/ جانچ

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتا ہے:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)

۲۔ اعادہ کے دوران (طلباء سے سبق کے بارے میں کئے گئے مختلف سوالات کے جوابات کو دیکھتے ہوئے۔ کہ وہ با آسانی جواب دے رہے ہیں یا نہیں اور سبق کو کس حد تک سمجھ سکیں ہیں)

۳۔ لکھائی کے دوران (معلم با آسانی معلوم کر سکتا ہے کہ بچے کو مشکل پیش آ رہی ہے یا وہ آسانی سے اپنا کام کر رہا ہے۔)

۴۔ سرگرمی کے دوران (اس بات کا اندازہ کر کہ طلباء سرگرمی میں پوری طرح حصہ لے رہے ہیں یا نہیں۔)

## سبق ۱۰: مقدس راتیں

**مقصد**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے:

۱۔ ان کو معلوم ہو جائے گا کہ سال میں کتنی مقدس راتیں ہوتی ہیں۔

LearningWell (Pvt.) Ltd
www.learningwell.pk

# اسلامیات ٦

٢۔مقدس راتوں کے نام کیا ہیں اور یہ کس کس اسلامی مہینے میں آتی ہیں۔

٣۔ان کو اس بات کا اندازہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ ہم پر کتنا غفور الرحیم اور وہ اپنے بندوں سے کتنا پیار کرتا ہے۔اپنے بندوں کو کس کس طرح اجروثواب دیتا ہے۔ ان سب باتوں کو جان کر طلباء میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کو شوق اور جذبہ بڑھے گا اور وہ ان راتوں میں عبادت کی اہمیت کو جان کر اس پر عمل کرنے کی کوشش کریں گے۔(انشاءاللہ)

**طریقۂ کار**

**تمہیدی سوالات** **١٠منٹ**

بچو!اللہ تعالیٰ نے ہم پر دن میں کتنی نمازیں فرض کی ہیں؟

٢۔نمازیں کتنی قسم کی ہوتی ہیں؟

٣۔تہجد کی نماز کس وقت ادا کی جاتی ہے؟

٤۔کیا آپ کو معلوم ہے کہ نفلی عبادت کس کو کہتے ہیں؟

٥۔کیا آپ کو معلوم ہے اسلامی مہینوں میں کتنی بابرکت اور مقدس راتیں ہیں؟

**اعلانِ سبق:** **٥منٹ**

بچو! آج ہم مختلف احادیث مبارکہ ان کے ترجمے اور تشریحات کے ساتھ پڑھیں گے۔

**پیشکش:** **٢٥منٹ**

١۔ معلم طلباء کو سبق پڑھ کے سنائیں گیا ور لفظ مقدس کے معنیٰ ومفہوم سے آگاہ کریں گے۔

٢۔ معلم طلباء کو سبق میں دیے گئے ہر پیرگراف اور نکات کی آسان الفاظ میں وضاحت کریں تا کہ اس کے معنیٰ ومفہوم بچوں کو آسانی سے سمجھ میں آجائیں اور وہ اس کو تفصیل کو دلچسپی سے پڑھ سکیں۔

٣۔ معلم طلباء کو ہر مقدس رات کے بارے میں تفصیل سے بتائیں گے اور اس کی وضاحت کے ساتھ سمجھائیں گے۔

٤۔ ان تمام راتوں کے اجروثواب کے بارے میں بھی بتائیں گے۔

٥۔ معلم سبق کو سمجھانے کے دوران مشکل الفاظ کے معنیٰ بھی ساتھ ساتھ بتاتے جائیں۔

**اعادہ:** **٢٥منٹ**

معلم طلباء سے سبق کا ایک ایک پیراگراف پڑھوا کر سنیں گے۔جہاں طلباء کو مشکل پیش آئے یا وہ اٹک جائیں یا غلط بتائیں وہاں معلم ان کی مدد کرے گا اور ان کو درست کرے گا۔

معلم طلباء سے باری باری ان مقدس راتوں کے بارے میں وضاحت بھی طلب کریں۔

**لکھائی:** **١٥منٹ**

معلم مشکل الفاظ کے معنیٰ اور سوالات کے جوابات تحریر کروائیں گے۔

**سرگرمی:** **١٠منٹ**

سوال نمبر٣ کی ورک شیٹ کروائیں گے۔

**تفویض کار:** **٥منٹ**

سوال نمبر٢ گھر سے کر کے لانے کو دیں گے۔

**پیشگی معلومات اور ہدایات**

١۔معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں۔

٢۔معلم کو عنوان پر مکمل گرفت ہو تا کہ وہ بچوں کے ہر طرح کے جوابات دے سکے۔

٣۔معلم کا سمجھانے کا طریقہ دلچسپ ہو تا کہ بچے اس کی طرف متوجہ ہوں اور پڑھائی میں دلچسپی لیں۔

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

۴۔احادیث مبارکہ کی اہمیت بچوں میں اجاگر کرنے کے لیے مؤثر اندازِ بیان اختیار کریں۔

۵۔معلم کو احادیث ازبر ہونی چاہیے اور ان کی مستند کتابوں سے معلومات بھی آسان اور سادہ زبان میں یاد ہونی چاہیے۔

**تدریسی معاونت**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔ نصابی کتاب

۳۔ چارٹ (جس پر عنوان سے متعلق ضروری نکات تحریر ہوں)

**تجزیہ/ جانچ**

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتا ہے:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)

۲۔ اعادہ کے دوران (طلباء سے سبق کے بارے میں کیئے گئے مختلف سوالات کے جوابات کو دیکھتے ہوئے۔ کہ وہ با آسانی جواب دے رہے ہیں یا نہیں اور سبق کو کس حد تک سمجھ سکیں ہیں)

۳۔لکھائی کے دوران (معلم با آسانی معلوم کر سکتا ہے کہ بچے کو مشکل پیش آ رہی ہے یا وہ آسانی سے اپنا کام کر رہا ہے۔)

۴۔سرگرمی کے دوران (اس بات کا اندازہ کر کہ طلباء سرگرمی میں پوری طرح حصہ لے رہے ہیں یا نہیں۔)

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

## سبق ۱۱: سرمایہ دارانہ نظام اور اسلامی نظام

**مقصد**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

۱۔طلباء جان سکیں گے کہ اسلامی نظام معیشت کیا ہے اور سرمایہ دارانہ نظام کا کیا مطلب ہے؟

۲۔طلباء کو اسلامی نظام جس میں رزق حلال حاصل کرنے اور خرچ کرنے کے لیے رسول اللہ ؐ کے احکامات کے مطابق انجام دیئے جانے کے بارے میں علم ہو جائے گا۔

۳۔طلباء کو اسلامی نظام اور سرمایہ دارانہ نظام کے درمیان فرق معلوم ہو جائے گا اور اس سے متعلق معلومات ہو جائیں گی۔ اور وہ اپنی روزمرہ زندگی کے نظام کو اسلامی نظام معاشرت کے تناظر میں دیکھنے کے قابل ہو سکیں گے اور اپنی آئندہ زندگی میں جہاں تک ہو سکے اسلامی نظام کے مطابق اپنی زندگی گزارنے کی کوشش کریں گے۔ (انشاء اللہ)

**طریقۂ کار**

**تمہیدی سوالات** ۱۰ منٹ

۱۔کسی بھی ادارے یا معاشرے کو چلانے کے لیے سب سے ضروری کیا چیز ہوتی ہے؟

۲۔ یہ دنیا سالہا سال سے ایک طریقے پر چل رہی ہے۔ کیوں؟

۳۔ ہمیں اپنی زندگی گزارنے کے بارے میں مکمل ضابطۂ حیات کہاں ملتا ہے؟

**اعلانِ سبق:** ۵ منٹ

بچو! اس سبق میں ہم سرمایہ دارانہ نظام اور اسلامی نظام کے بارے میں پڑھیں گے۔

**پیشکش:** ۲۰ منٹ

۱۔ معلم طلباء کو سبق پڑھ کے سنائیں گے اور ان کو لفظ نظام اور سرمایہ دارانہ کے معنی و مفہوم آسان الفاظ میں بہت اچھی طریقے سے سمجھائیں تاکہ وہ اس کو ذہن نشین کر سکیں۔

۲۔ معلم طلباء کو سبق میں دیے گئے ہر پیرگراف اور نکات کی آسان الفاظ میں وضاحت کریں تا کہ اس کے معنیٰ و مفہوم بچوں کو آسانی سے سمجھ میں آجائیں اور وہ اس کو تفصیل کو دلچسپی سے پڑھ سکیں۔

۳۔ معلم اسلامی نظام معیشت اور سرمایہ دارنہ نظام معیشت کو الگ الگ مکمل وضاحت کے ساتھ بیان کرے تا کہ طلباء کو ان کا فرق واضح طور پر سمجھ میں آجائے اور ان کے بارے میں ان کے ذہن میں کوئی الجھن باقی نہ رہے۔

۴۔ معلم سبق کو سمجھانے کے دوران مشکل الفاظ کے معنیٰ بھی ساتھ ساتھ بتاتے جائیں۔

**اعادہ: ۱۵ منٹ**

معلم طلباء سے سبق پڑھوا کر سنیں گے اور جو پیراگراف جو وہ پڑھیں گے اس کی تفصیل یا تشریح بھی طلباء اپنے انداز میں بتائیں گے۔ اور جہاں طلباء کو مشکل پیش آئے یا وہ اٹک جائیں یا غلط بتائیں وہاں معلم ان کی مدد کرے گا اور ان کو درست کرے گا اور دوبارہ سمجھائے گا۔

معلم طلباء کی رائے اور اس کی وضاحت بھی طلب کریں گے۔

**لکھائی: ۱۵ منٹ**

معلم سبق کے مشکل الفاظ معنیٰ اور سوال نمبر ۱ کے جوابات تحریر کروائیں گے۔

**سرگرمی: ۱۰ منٹ**

معلم طلباء کا گروہ بنا کر دونوں نظاموں کی وضاحت کروائیں۔ سوال نمبر ۳ کی ورک شیٹ کروائیں گے۔

**تفویض کار: ۵ منٹ**

طلباء کو سوال نمبر ۲ گھر سے کر کے لانے کو کہیں۔

**پیشگی معلومات اور ہدایات**

۱۔ معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں۔

۲۔ معلم کو عنوان پر مکمل گرفت ہو تا کہ وہ بچوں کے ہر طرح کے جوابات دے سکے۔

۳۔ معلم کا سمجھانے کا طریقہ دلچسپ ہو تا کہ بچے اس کی طرف متوجہ ہوں اور پڑھائی میں دلچسپی لیں۔

۴۔ معلم ضروری اور اہم نکات کو اپنے پاس درج کر کے رکھیں۔

**تدریسی معاونت**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔ نصابی کتاب

۳۔ چارٹ (جس پر عنوان سے متعلق ضروری نکات تحریر ہوں)

**تجزیہ/ جانچ**

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتا ہے:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)

۲۔ اعادہ کے دوران (طلباء سے سبق کے بارے میں کئے گئے مختلف سوالات کے جوابات کو دیکھتے ہوئے۔ کہ وہ باآسانی جواب دے رہے ہیں یا نہیں اور سبق کو کس حد تک سمجھ سکیں ہیں)

۳۔ لکھائی کے دوران (معلم باآسانی معلوم کر سکتا ہے کہ بچے کو مشکل پیش آ رہی ہے یا وہ آسانی سے اپنا کام کر رہا ہے۔)

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

۴۔ سرگرمی کے دوران (طلباء پڑھائے اور سمجھائے جانے والے سبق کا موازنہ کرنے میں کس حد تک کامیاب ہو سکے۔)

## سبق ۱۲: بچے اچھے مسلمان کس طرح بن سکتے ہیں؟

**مقصد**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

۱۔ ان میں رحم دلی کا جذبہ پیدا ہوگا۔

۲۔ طلباء جان سکیں گے کہ ہمارے پیارے نبیؐ کس قدر رحم دل تھے اور انہوں نے ہمیشہ انسانیت اور دوسروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کا درس دیا۔

۳۔ وہ ان تعلیمات کی روشنی میں اپنی زندگیوں کو سنوارنے اور ایک اچھے مسلمان بننے کی کوشش کریں گے۔ (انشاءاللہ)

**طریقۂ کار**

**تمہیدی سوالات** **۸منٹ**

۱۔ بچو! ہمارے پیارے نبیؐ کی شخصیت چند خصوصیات بتایئے؟ ۲۔ ہمارے نبیؐ نے سب سے زیادہ کس چیز پر زور دیا ہے؟

۳۔ اگر آپ کسی کو تکلیف میں دیکھیں گے تو آپ کیا کریں گے؟

**اعلانِ سبق:** **۵منٹ**

بچو! آج کے سبق میں ہم رحم دلی سے متعلق ایک کہانی پڑھیں گے۔

**پیشکش:** **۲۵منٹ**

۱۔ معلم طلباء کو کہانی کے انداز میں آواز کے اتار چڑھاؤ اور چہرے کے تاثرات کو تبدیل کرکے سبق پڑھ کے سنائیں گے۔

۲۔ معلم طلباء کو سبق میں دیے گئے ہر پیرگراف اور نکات کی آسان الفاظ میں وضاحت کریں تا کہ اس کے معنیٰ و مفہوم بچوں کو آسانی سے سمجھ میں آجائیں اور وہ اس کو تفصیل کو دلچسپی سے پڑھ سکیں۔

۳۔ معلم آخر میں سبق کا خلاصہ اور سبق میں دی گئی نصیحت کے بارے میں بچوں کو بتائیں گے اور ان کی رائے بھی معلوم کریں گے۔

۴۔ معلم سبق کو سمجھانے کے دوران مشکل الفاظ کے معنیٰ بھی ساتھ ساتھ بتاتے جائیں۔

**اعادہ:** **۲۵منٹ**

معلم طلباء سے سبق پڑھوا کر سنیں گے اور جو پیراگراف جو وہ پڑھیں گے اس کی تفصیل یا تشریح بھی طلباء اپنے انداز میں بتائیں گے۔ اور جہاں طلباء کو مشکل پیش آئے یا وہ اٹک جائیں یا غلط بتائیں وہاں معلم ان کی مدد کرے گا اور ان کو درست کرے گا اور دوبارہ سمجھائے گا اور ان کی رائے بھی معلوم کریں گے اور وضاحت بھی طلب کریں گے۔

**لکھائی:** **۱۵منٹ**

معلم سبق کے مشکل الفاظ معنیٰ، سوالات کے جوابات تحریر کروائیں گے۔

**سرگرمی:** **۱۰منٹ**

سوال نمبر ۲ کی ورک شیٹ کروائیں گے۔

**تفویض کار:** **۵منٹ**

معلم بچوں کو گھر سے بڑوں کی مدد سے کسی بھی اچھے عمل کی کہانی اپنی طرف سے لکھ کر لانے کو دیں گے۔

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk

# اسلامیات ۶

**پیشگی معلومات اور ہدایات**

۱۔معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں۔

۲۔معلم کو عنوان پر مکمل گرفت ہو تا کہ وہ بچوں کے ہر طرح کے جوابات دے سکے۔

۳۔معلم کا سمجھانے کا طریقہ دلچسپ ہو تا کہ بچے اس کی طرف متوجہ ہوں اور پڑھائی میں دلچسپی لیں۔

**تدریسی معاونت**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔ نصابی کتاب

۳۔ چارٹ (جس پر عنوان سے متعلق ضروری نکات تحریر ہوں)

**تجزیہ/ جانچ**

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتا ہے:

۱۔تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)

۲۔ پیشکش کے دوران بچوں کی طرف سے کیے گئے سوالات کے ذریعے۔

۳۔ اعادہ کے دوران (طلباء سے سبق کے بارے میں کئے گئے مختلف سوالات کے جوابات کو دیکھتے ہوئے۔کہ وہ با آسانی جواب دے رہے ہیں یا نہیں اور سبق کو کس حد تک سمجھ سکیں ہیں)

۴۔لکھائی کے دوران (معلم با آسانی معلوم کرسکتا ہے کہ بچے کو مشکل پیش آرہی ہے یا وہ آسانی سے اپنا کام کر رہا ہے۔)

۵۔سرگرمی کے دوران (اس بات کا اندازہ کرکہ طلباء سرگرمی میں پوری طرح حصہ لے رہے ہیں یا نہیں۔)

## سبق ۱۳:احادیث مبارکہ

**مقصد**

پڑھائے جانے والے سبق کے مکمل ہو جانے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

۱۔احادیث مبارکہ کے بارے میں مفصل طور پر آگاہ ہوکر دوسروں کو اس کے بارے میں آسانی سے سمجھا سکیں۔

۲۔احادیث کے معنیٰ و مفہوم کو سمجھ سکیں گے۔

۳۔ اپنی زندگی میں ان احادیث پر عمل کرنے کی کوشش کریں گے۔(انشاءاللہ)

**طریقۂ کار**

**تمہیدی سوالات** ۱۰منٹ

۱۔ قرآن مجید میں دیئے گئے احکامات کے مطابق زندگی گزارنے کی عملی مثال ہم کو کس کی زندگی میں نظر آتی ہے۔؟

۲۔ حضور اکرمؐ جن باتوں کے بارے میں ہدایت دی اور ان پر عمل کیا، ان باتوں کو کیا کہا جاتا ہے؟

**اعلانِ سبق:** ۵منٹ

بچو! آج ہم مختلف احادیث مبارکہ ان کے ترجمے اور تشریحات کے ساتھ پڑھیں گے۔

**پیشکش:** ۲۵منٹ

LearningWell (Pvt.) Ltd. www.learningwell.pk

# اسلامیات ۶

۱۔ معلم طلباء احادیث پڑھ کے سنائیں گے۔ ۲۔ پھر ان کا ترجمہ سمجھائیں گے۔

۳۔ پھر ان احادیث کی مختلف مستند کتابوں سے تشریحات سادہ اور آسان الفاظ میں سمجھائیں گے۔

**اعادہ:** ۲۵ منٹ

معلم طلباء سے فرداً فرداً احادیث پڑھوا کر سنیں گے۔ جہاں طلباء کو مشکل پیش آئے یا وہ اٹک جائیں یا غلط بتائیں وہاں معلم ان کی مدد کرے گا اور ان کو درست کرے گا۔ معلم احادیث کت ترجمے اور تشریحات بھی سنے گا۔ اگر طلباء کو ان کو سمجھنے میں کوئی مشکل آ رہی ہو تو وہ ان کو دوبارہ سمجھائیں گے۔

**لکھائی:** ۱۵ منٹ

معلم احادیث مبارکہ کے ترجمے، مشکل الفاظ کے معنی اور تشریحات لکھوائیں گے۔

**سرگرمی:** ۱۰ منٹ

معلم طلباء کو گروہ میں تقسیم کر کے انہیں احادیث مبارکہ سنانے اور مفہوم بتانے کا مقابلہ کروائیں۔

**تفویض کار:** ۵ منٹ

معلم طلباء کو گھر سے چند احادیث لکھ کر لانے اور ان کی وضاحت بھی کرنے کو کہیں گے۔

**پیشگی معلومات اور ہدایات**

۱۔ معلم کو چاہیے کہ سبق کو پڑھانے سے پہلے خود اچھی طرح پڑھ لیں۔

۲۔ معلم کو عنوان پر مکمل گرفت ہو تا کہ وہ بچوں کے ہر طرح کے جوابات دے سکے۔

۳۔ معلم کا سمجھانے کا طریقہ دلچسپ ہو تا کہ بچے اس کی طرف متوجہ ہوں اور پڑھائی میں دلچسپی لیں۔

۴۔ احادیث مبارکہ کی اہمیت بچوں میں اجاگر کرنے کے لیے مؤثر اندازِ بیان اختیار کریں۔

۵۔ معلم کو احادیث ازبر ہونی چاہیے اور ان کی مستند کتابوں سے معلومات بھی آسان اور سادہ زبان میں یاد ہونی چاہیے۔

**تدریسی معاونت**

۱۔ وائٹ بورڈ، مارکر، ڈسٹر

۲۔ نصابی کتاب

۳۔ چارٹ (جس پر عنوان سے متعلق ضروری نکات تحریر ہوں)

**تجزیہ/جانچ**

معلم طلباء کو مختلف وقت جانچ سکتا ہے:

۱۔ تمہیدی سوالات کے دوران (ان کی سابقہ معلومات کو دیکھتے ہوئے)

۲۔ اعادہ کے دوران (طلباء سے سبق کے بارے میں کئے گئے مختلف سوالات کے جوابات کو دیکھتے ہوئے۔ کہ وہ با آسانی جواب دے رہے ہیں یا نہیں اور سبق کو کس حد تک سمجھ سکیں ہیں)

۳۔ لکھائی کے دوران (معلم با آسانی معلوم کر سکتا ہے کہ بچے کو مشکل پیش آ رہی ہے یا وہ آسانی سے اپنا کام کر رہا ہے۔)

۴۔ سرگرمی کے دوران (اس بات کا اندازہ کر کہ طلباء سرگرمی میں پوری طرح حصہ لے رہے ہیں یا نہیں۔)

LearningWell (Pvt.) Ltd.
www.learningwell.pk